<u>پریس ریلیز</u>

آج مورخہ 10.07.2024 کو معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کی ایشیافاونڈیشن پاکستان کے سربراہ مظفر الدین اور فروا راشد منہاس (پروگرام لیڈ) کے ساتھ پراسیکیوٹرز کی کپیسٹی بلڈنگ کے حوالے سے میٹنگ ہوئی۔ جس میں معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے پراسیکیوٹرز کی کپیسٹی بلڈنگ کے لیے پراسیکیوٹرز کی ٹرینگ کو انتہائی ضروری قرار دیا۔اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا کہنا تھا کہ پراسیکیوٹر جنرل آفس کریمنل جسٹس سسٹم کے سٹیک ھولڈر پولیس، پراسیکیوشن، پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی اور میڈیکل لیگل سرجن پنجاب کی آپس میں انٹرگریشن کے لیے کوشاں ہیں اور جلد تمام سٹیک ھولڈر ایک پیج پر ہوں گے۔ جس سے عوام کو انصاف کے حصول میں آسانی ملے گی۔ اس کے علاوہ پراسیکیوشن کی ڈیجیٹلائیزیشن کے حوالے بریفینگ بھی دی گئی۔ معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے پراسیکیوشن کے کیس فلو مینجمنٹ سسٹم کو مزید فعال کرنے اور مقدمات کی کیٹگری کے حوالے سے بائیفرکیشن اور ایک کلک پر مقدمہ کی تمام تفصیلات سامنے آنے کے متعلق شرکاء کو آگاہ کیا۔ جس سے مقدمہ کے اندراج سے لے مقدمہ کے فیصلہ تک تمام تفصیلات کہیں سے بھی دیکھی جاسکیں گی۔

ازدفتر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، لاہور

(انچارج میڈیا سیل)